HBL

# حتمی نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی D-2023(F)

حبیب بینک لمیٹڈ ("بینک") کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تجویز کے مطابق بینک کے شیئر ہولڈرز نے بتاریخ 27 مارچ 2024 کو HBL ٹاور، اسلام آباد میں منعقد ہونے والے 82واں سالانہ اجلاس عام میں 31 دسمبر 2023 کو ختم ہونے والے سال کے لیے 40 فیصد نقد منافع منقسمہ (بحساب 4.00 روپے فی شیئر)، 19 مارچ 2024 کو کاروباری اختتام پر حقدار شیئر ہولڈرز کو دینے کی منظوری دی تھی۔

مذکورہ حتمی نقد منافع منقسمہ 04 اپریل 2024 کو اُن شیئر ہولڈرز کو کریڈٹ کیا جا چکا ہے، جنہوں نے موثر انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبرز (IBAN) کی تفصیلات فراہم کی ہے۔ موجودہ شیئرز کی تعداد، منافع منقسمہ کی ٹوٹل رقم، ٹیکس اور زکوۃ کی کٹوتی اور شیئر ہولڈرز کے متعلقہ بینک اکاؤنٹ میں جمع کی جانے والی رقم کی تفصیل سینٹرلائزڈ کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر (CCDR) پر قانون کے تحت اپ لوڈ کی جا چکی ہے۔

شیئر ہولڈرز اپنے ریکارڈ اور ٹیکس فائلنگ کے لیے سینٹرلائزڈ کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر (CCDR) سے الیکٹرانک شکل میں مندرجہ بالا تفصیلات حاصل کر سکتے ہیں۔ انہیں ای ڈیویڈنڈ کے لیے https://csp.cdcaccess.com.pk/#/login پر رجسٹریشن کروانی ہوگی۔

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی ہدایات کے مطابق بینک کی جانب سے موثر IBAN کی تفصیلات فراہم نہ کرنے والے شیئر ہولڈرز کو منافع منقسمہ کی ادائیگی روکی گئی ہے۔ ان شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار کو اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیل (بشمول موثر سی این آئی سی کی کاپی) درج ذیل پتہ پر فراہم کریں یا پارٹیسپنٹ / انویسٹر اکاؤنٹ سروسز آف سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (جو بھی معاملہ ہو) سے رابطہ کریں:

**میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ**

سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک 'B'
ایس۔ ایم۔ سی۔ ایچ۔ ایس، مین شاہراہِ فیصل،
کراچی۔74400، پاکستان
ٹیلی فون (ٹول فری): 0800-23275
ای میل: info@cdcsrsl.com
ویب سائٹ: www.cdcsrsl.com

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 19 اور کمپنیز (جنرل پروویژنز اور فارمز) ریگولیشنز 2018 کے ریگولیشن 19 کے مطابق فزیکل شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز کو تجویز دی جاتی ہے کہ:

- ان کی لازمی معلومات جیسے CNIC نمبر، پتہ، ای میل ایڈریس، رابطہ موبائل/ ٹیلی فون نمبر، انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) وغیرہ ہمارے شیئر رجسٹرار کو ان کے مذکورہ پتے پر فوری طور پر فراہم کریں تاکہ قانون کی عدم تعمیل یا مستقبل میں کسی تکلیف سے بچا سکے۔
- کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72(2) میں وضاحت کے مطابق اپنے فزیکل شیئرز کو بغیر تحریری شکل میں رکھنے کی ترغیب دی گئی ہے، یعنی "ہر موجودہ کمپنی کو اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم کے ساتھ تبدیل کرنے کی ضرورت ہوگی اور ایس ای سی پی کی طرف سے مطلع کردہ تاریخ تک، ایکٹ کے آغاز سے چار سال سے زیادہ نہ ہونے کی مدت کے اندر ہو جیسا کہ بیان کیا گیا ہے۔

کراچی
8 اپریل 2024

عظمان نوید چوہدری
کمپنی سیکریٹری